# سندھ آرڈیننس نمبر XXIX مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.XXIX OF 1984

# سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۵۹ کی ترمیم

Amendment of Section 59 of Sindh Ordinance XII of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول III کی ترمیم

Amendment of Schedule III to Sindh Ordinance XII of 1979



سندھ آرڈیننس نمبر XXIX مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XXIX OF

# 1984

## سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| تمہید (Preamble) | جیسا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛ |
| | اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔ |
| مختصر عنوان اور شروعات | ۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔ |
| Short title and commencement | (۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا ماسوائے دفعہ ۲ کے، جو خریف ۱۹۸۴ سے نافذ سمجھا جائے گا۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۵۹ کی ترمیم | ۲۔ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۵۹ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا: |
| Amendment of Section 59 of | "(۲) حکومت، وقت بوقت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے تحت، ضلع کے آباد زمینوں کے مختلف درجات پر لوکل سیس کی قیمت مقرر کر |

| | |
|---|---|
| Sindh Ordinance XII of 1979 | سکتی ہے-"۔<br>۳۔ مذکورہ آرڈیننس میں، شیڈول II کے حصہ II میں:<br>(a) عنوان "کمپلسری فنکشنز" کے نیچے پیراگراف ۱۲ کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی عنوان اور نیا پیراگراف شامل کیا جائے گا:<br>تعلیم<br>(تعلیم بالغان)<br>۱۳۔ کارپوریشن، میونسپل کمیٹی یا ٹائون کمیٹی ایسے اقدام اٹھائے گی جو تعلیم بالغان کی ترقی کے لیئے لازمی ہوں-"؛<br>(b) عنوان "آپشنل فنکشنز" کے نیچے پیراگراف ٦١ میں، شق (d) کو ختم کیا جائے گا۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول III کی ترمیم<br>Amendment of Schedule III to Sindh Ordinance XII of 1979 | ۴۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول III میں:<br>(a) حصہ I میں، عنوان "کمپلسری فنکشنز" کے نیچے، پیراگراف ۱۴ کے بعد مندرجہ ذیل نیا پیراگراف شامل کیا جائے گا:<br>"14-A. تعلیم بالغان کی ترقی کے لیئے ؛<br>(b) حصہ II میں، عنوان "آپشنل فنکشنز" کے نیچے پیراگراف ۸ کو ختم کیا جائے گا۔<br>**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔** |